15-07-2026

09:25 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

بھارت-برطانیہ

بھارت اور برطانیہ کے مابین طے پایا اقتصادی وتجارتی شراکت داری معاہدہ آج سے نافذ العمل ہوگیاہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان سوشل سیکورٹی معاہدہ بھی آج سے ہی لاگو ہوگیاہے، جس سے برطانیہ میں کام کرنے والے بھارتی پیشہ ور افراد کی نقل وحمل میں سہولت اور ان کی مسابقتی صلاحیت کو مزید تقویت ملے گی۔

اقتصادی وتجارتی معاملات کی رو سے برطانیہ کے بازاروں میں بھارتی برآمدات کی 99فیصد ٹیرف لائنز پر صفر کسٹم ڈیوٹی کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اس سہولت سے بھارتی برآمدات کو نمایاں فروغ ملے گا۔

ایل جی یاترا

شری امرناتھ جی یاترا کے پہلے 12دنوں میں 3لاکھ سے زائد شردھالوؤں نے گپھا پر حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے ہیں۔ لیفنٹ گورنر منوج سنہا نے درشن کرنے والے یاتریوں کی اس ریکارڈ تعداد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے یاترا کے منتظمین کے کام کی سراہنا کی ہے۔

اس دوران آج بھی6 ہزار251 یاتریوں کا ایک اور قافلہ جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے وادی کی طرف روانہ ہوا ہے ۔

آج صبح 8 بجے تک مزید3 ہزار531یاتریوننے پوترگپھا میں حاضری دے کر شیولنگم کے درشن کئے۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی وپنچایتی راج محکمہ کے سیکریٹڑی محمد اعجاز اسد نے شری امرناتھ جی کے بالتل اور پہلگام روٹس کا دورہ کرکے ان راستوں پر صفائی ستھرائی کے عمل کا جائزہ لیا۔

دو روزہ دورے کے دوران سیکریٹڑی نے یاتریوں کو انتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

ایل جی ملاقات

چنار بُک فیسٹول کے کنوینئر ڈاکٹر امت وانچو نے سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ نیشنل بُک ٹرسٹ سے وابستہ شوبھا کپور بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ ڈاکٹر وانچو نے ایل جی کو بُک فیسٹول کے انعقاد کی تیاریوں سے متعلق جانکاری دی۔

یہ کتب میلہ سرینگر میں 18سے 26جولائی تک منعقد ہورہاہے۔

وجے پور جموں کے سابق ڈی ڈی سی ممبر شلپا دوبے، ناگ بنی کے سابق سرپنچ وندنا کماری اور ہندوارہ کے ایک سماجی کارکن ڈاکٹر شیخ جمشید احمد نے بھی ایل جی سے الگ الگ ملاقات کرکے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

سی ایم ملاقات

ICICI بینک کے افسروں پر مشتمل ایک وفد نے کل سرینگر میں وزیراعلیٰ عمرعبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ وفد نے وزیراعلیٰ کو بینک کی جانب سے کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی کے تحت جاری سرگرمیوں اور جموں کشمیر میناقتصادی منظرنامے کو فروغ دینے کے لئے بینک کے اقدامات کے بارے میں جانکاری دی۔

درخشان اندرابی

جمونکشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ یہ ادارہ وقف اثاثوں کی مزید بہتری اور بورڈ کے کام کاج میں مزید شفافیت لانے کا وعدہ بند ہے۔

وہ کل سرینگر میں ایک عوامی دربار کے دوران اظہار خیال کررہی تھیں۔ اس موقعہ پر انہوں نے وقف اثاثوں سے جڑے مسائل کا جائزہ لیا ۔

تعزیت

جموں کشمیر کے سابق وزیر اور نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر ڈاکٹر شیخ مصطفےٰ کمال کے انتقال پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے لیفٹنٹ گورنر نے مرحوم کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے۔

ڈاکٹر شیخ مصطفےٰ کمال کے فوت ہونے پر متعدد شخصیات اور اداروں نے صدمے کااظہار کیا ہے۔ مرحوم کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرنے والوں مینچیف منسٹرس آفس ، نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینہ وزیر سکینہ ایتو، ستیش شرما،

جاوید احمد ڈار، جاوید احمد رانا، اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر، رکن پارلیمان میاں الطاف احمد، سابق وزیراعلیٰ غلام نبی آزاد اور سینئر سیاستدان سیف الدین سوم، قلمکار حسرت حسین،شامل ہیں۔

کرگل دورہ

اکھل بھارتیہ پوروسینک سیوا پریشد کے اہتمام سے 27ویں کرگل وجے دوس کے موقعہ پر سابق فوجیوں کے لئے سرینگر ، دراس اور کرگل کے دورے کا اہتمام کیاگیاہے۔

میجر جنرل(ریٹائرڈ) پی وویکا نناکی قیادت میں سابق فوجیوں اور ویر ناریوں کا ایک وفد سرینگر پہنچا ہے۔ وفد کے ارکان نے بادامی باغ میں چنار وار میموریل پر شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

فوج کے ترجمان نے ایک پریس بیان میں کہاہے کہ کرگل وجے دِوس بہادر سپاہیوں کی جرات، بے لوث خدمات اور قربانیوں کو یاد کرنے کا ایک اہم موقعہ ہے۔

کالج چھٹیاں

اعلیٰ تعلیم محکمے نے کشمیر صوبے اور جموں صوبے کے سرمائی زون
علاقوں کے تمام سرکاری ڈگری کالجوں میں گرمائی تعطیلات کا اعلان کیا ہےیہ ڈگری کالج گرمیوں کی چھٹیوں کیلئے21جولائی سے 2اگست تک بند رہینگے۔

فیفا /کرکٹ

ٹیکسس امریکہ کے ڈالاز سٹیڈیم میں کھیلے گئے فیفا ورلڈکپ2026کے پہلے سیمی فائنل میں سپین نے فرانس کو 2صفر کے مقابلے شکست دی ہے۔ اس طرح سپین نے فائنل مقابلے میں اپنی جگہ بنالی ہے۔

دوسرے سیمی فائنل میں انگلینڈ کا مقابلہ ارجنٹینا سے ہوگا۔

دریں اثنا بھارت اور انگلینڈ کے درمیان کھیل جارہی تین ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو 6وکٹوں سے ہرادیاہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ